سوال

(83)شہید کی نمازِ غائبانہ کی بذریعہ اشتہارات اور لاؤڈ سپیکر تشہیر کرنا، سنت ہے یا بدعت؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غائبانہ نمازِ جنازہ خاص کر شہید کا جو آج کل بذریعہ اشتہارات لاؤڈ سپیکر پر اعلانات گلی کوچوں میں منادی کے ذریعے یہ دعوت دی جاتی ہے کہ فلاں شہید کا غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھا جائے گا؟ آیا یہ بدعت ہے یا سنت۔ اگر سنت ہے تو آپ حدیث سے دلیل دے کر جواب دیں۔ اگر بدعت ہے تو پھر اہل حدیث اپنے آپ کو حدیث پر عامل ہونے کا دعویدار بھی کہتے ہیں اور خود ہی بدعت پر عمل کر رہے ہیں۔ براہِ مہربانی قرآن و سنت کی روشنی میں جواب دے کر مستفید فرمائیں۔ (حاجی محمد عارف۔ چیچہ وطنی) (۱۹ اپریل ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنت میں مجھے اس کا کوئی اصل معلوم نہیں ہو سکا۔ بلکہ دلائل اس کے خلاف ہیں۔ راجح مسلک یہ ہے کہ شہید فی المعرکہ کی نمازِ جنازہ نہیں۔ اس بارے میں ''الاعتصام'' میں متعدد دفعہ تفصیل شائع ہو چکی ہے۔ اس کی طرف رجوع فرمائیں۔

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:142

محدث فتویٰ